مائیکروسافٹ ونڈوز کا تعارف بیان کریں؟

مائیکروسافٹ ونڈوز پرسنل کمپیوٹر پر سب سے زیادہ استعمال ہونے والا آپریٹنگ سسٹم ہے، اور تقریباً 90 ٪ کمپیوٹرز پر ونڈوز آپریٹنگ سسٹم استعمال ہو رہا ہے۔ جبکہ باقی 10 ٪ کمپیوٹرز پر میکنٹاش اور لائنکس وغیرہ کے آپریٹنگ سسٹمز استعمال ہوتے ہیں۔ ونڈوز آپریٹنگ سسٹم گرافیکل یوزر انٹرفیس مہیا کرتا ہے۔

ڈسک ڈرائیو سے کیا مراد ہے؟

ڈرائیوز ایسے آلات ہیں جن پر ڈیٹا سٹور کیا جاتا ہے۔ اکثر کمپیوٹرز میں عموماً دو طرح کی ڈرائیوز ہوتی ہیں، ایک ہارڈ ڈرائیو اور دوسری فلاپی ڈرائیو۔ فلاپی ڈرائیو کو عموماً \:A ڈرائیو سے جانا جاتا ہے، جبکہ ہارڈ ڈرائیو کی ایک سے زیادہ پارٹیشنز ہو سکتی ہیں۔ اس صورت میں اس کی پہلی پارٹیشن کو \:C سے اور باقی پارٹیشنز کو ان کی تعداد کے مطابق \:D:\ , E:\ , F وغیرہ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

فولڈر (ڈائریکٹری) کی وضاحت کریں؟

جب ڈیٹا ڈرائیو پر سٹور کیا جاتا ہے تو اس کو ترتیب دینے کے لیے فولڈرز استعمال کیے جاتے ہیں، تاکہ انھیں احسن طریقے سے استعمال کیا جا سکے۔ فولڈر کو کاپی کیا جا سکتا ہے اور انھیں ڈرائیو پر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جا سکتا ہے۔

فائل ایکسٹینشن سے کیا مراد ہے؟

فائل ایکسٹینشن سے مراد ایسے اختتامی الفاظ ہیں جو کہ ڈاٹ کے بعد لکھے جاتے ہیں۔ فائل کے نام میں موجود ایکسٹینشن اس فائل کا تعلق ایک ایپلیکیشن سے جوڑ دیتی ہے۔ اور اس ایپلیکیشن کی مدد سے اس فائل کو دیکھا یا تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ چند عام استعمال ہونے والی فائلز کی ایکسٹینشنز درج ذیل ہیں۔

.doc	=	مائیکروسافٹ ورڈ فائل
.xls	=	مائیکروسافٹ ایکسل فائل
.ppt	=	مائیکروسافٹ پاور پوائنٹ فائل
.mdb	=	مائیکروسافٹ ایکسیس فائل
.bmp	=	ونڈوز بٹ میپ پکچر فائل
.wav	=	ساؤنڈ فائل
.htm یا .html	=	مائیکروسافٹ ورڈ فائل

آئیکن سے کیا مراد ہے نیز ڈیسک ٹاپ پر موجود چند اہم آئیکنز کی وضاحت کریں؟

آئیکن ایک گرافک امیج ہے جس کی مدد سے کمانڈز کو آسانی اور جلدی سے استعمال کر سکتے ہیں۔ مائیکروسافٹ ونڈوز میں استعمال ہونے والے چند آئیکنز اور ان کے استعمال درج ذیل ہیں۔

۱۔ مائی کمپیوٹر

مائی کمپیوٹر کا آئیکن کمپیوٹر کے مختلف حصوں تک رسائی فراہم کرتا ہے۔ اس کی مدد سے ہم کمپیوٹر کی مختلف ڈسک ڈرائیوز، مثلاً ہارڈ ڈرائیو، فلاپی ڈرائیو اور نیٹ ورک ڈرائیو تک بآسانی رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

۲۔ ری سائیکل بن

ری سائیکل بن کے آئیکن سے ہم ڈیلیٹ کی گئی فائلز اور فولڈرز کو دیکھ سکتے ہیں، انھیں واپس اصلی حالت میں لا سکتے ہیں اور انھیں مستقل طور پر ڈیلیٹ بھی کر سکتے ہیں۔

۳۔ مائی ڈاکومنٹ

مائی ڈاکومینٹ کا آئیکن ایک باقاعدہ فولڈر ہے جو ونڈوز کے ڈیسک ٹاپ پر پایا جاتا ہے۔ یہ ایسی جگہ مہیا کرتا ہے، جہاں پر آپ اپنا خاص ڈیٹا سٹور کر سکتے ہیں اور اس تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

۴۔ انٹرنیٹ ایکسپلورر

انٹرنیٹ ایکسپلورر کے آئیکن کی مدد سے ہم انٹرنیٹ تک رسائی حاصل کرتے ہیں۔

ونڈوز کے خدوخال یا فیچرز تفصیل سے بیان کریں؟

ونڈوز کے چند اہم خدوخال درج ذیل ہیں۔

۱۔ گرافیکل یوزر انٹرفیس

ونڈوز کام کرنے کے لیے گرافیکل یوزر انٹرفیس مہیا کرتا ہے۔ یہ انٹرفیس یوزر فرینڈلی ہوتا ہے۔ گرافیکل یوزر انٹرفیس آپریٹنگ سسٹم مینوز، آئیکنز اور پوائنٹر وغیرہ پر مشتمل ہوتا ہے۔ اور یوزر مینو سے کمانڈ منتخب کر کے یا ماؤس کی مدد سے مختلف آئیکنز کو منتخب کر کے آپریٹنگ سسٹم سے رابطہ کرتا ہے۔ ونڈوز، لائنکس وغیرہ گرافیکل یوزر انٹرفیس کی مثالیں ہیں۔

۲۔ سٹارٹ بٹن

سٹارٹ بٹن ایک راستہ ہے جس کے ذریعے کمپیوٹر میں موجود پروگراموں کو لوڈ کیا جا سکتا ہے، کسی ڈاکیومنٹ کو اوپن یا تلاش کیا جا سکتا ہے، ونڈوز کی سیٹنگ میں تبدیلی اور اس طرح کے بہت سارے کام کیے جا سکتے ہیں۔

۳۔ ٹاسک بار

ٹاسک بار انفرمیشن اور زیر استعمال پروگرام تک رسائی مہیا کرتا ہے۔ اس کی مدد سے ہم یہ جان سکتے ہیں کہ اس وقت کون کون سے پروگرامز استعمال ہو رہے ہیں اور ایک پروگرام سے دوسرے پروگرام میں کیسے جا سکتے ہیں۔

۴۔ ماؤس

ماؤس ایک ان پٹ آلہ ہے جو سکرین پر موجود پوائنٹر کو کنٹرول کرتا ہے۔ ماؤس درج ذیل پانچ بنیادی کام سرانجام دیتا ہے۔

i۔ ایک آئٹم کی طرف پوائنٹ کرنا

ماؤس کے پوائنٹر کو حرکت دے کر کسی آئٹم پر لے جانے کے عمل کو پوائنٹ کرنا کہا جاتا ہے۔

ii۔ آئٹم کو کلک کرنا

آئٹم کو پوائنٹ کرتے ہوئے ماؤس کے بائیں بٹن کو دبانے کے عمل کو کلک کرنا کہا جاتا ہے۔

iii۔ آئٹم پر دایاں کلک کرنا

آئٹم کو پوائنٹ کرتے ہوئے ماؤس کے دائیں بٹن دبانے کے عمل کو دایاں کلک کرنا کہا جاتا ہے۔ ماؤس کے دائیں کلک سے ایک شارٹ کٹ مینیو ظاہر ہوتا ہے جس میں سے مطلوبہ کمانڈ منتخب کی جاتی ہے۔

iv۔ آئٹم کو دوبار کلک کرنا

آئٹم کو پوائنٹ کرتے ہوئے ماؤس کے بائیں بٹن کو جلدی سے دوبار دبانے کے عمل کو دوبار کلک کرنا کہا جاتا ہے

v۔ آئٹم کو ڈریگ کرنا

آئٹم کو پوائنٹ کر کے ماؤس کے بائیں بٹن کو دبائے رکھتے ہوئے ماؤس کو حرکت دینے کا عمل ڈریگ کرنا کہلاتا ہے۔

۵۔ شارٹ کٹس

شارٹ کٹس اصل پروگرام کے ساتھ رابطہ قائم کرتے ہیں۔ یہ فائل ایکسیس کرنے کا مختصر ترین ذریعہ ہیں اور ان کی بدولت تیزی سے پروگرامز تک رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

۶۔ ملٹی ٹاسکنگ

ملٹی ٹاسکنگ کی مدد سے ایک سے زیادہ پروگراموں کو بیک وقت ایکسیس کیا جا سکتا ہے۔ ونڈوز ملٹی ٹاسکنگ کی سہولت فراہم کرتا ہے، یعنی ونڈوز کے ماحول میں کام کرتے ہوئے ایک وقت میں ایک سے زیادہ کام کیے جا سکتے ہیں۔

۷۔ آسان انٹرنیٹ ایکسیس

ونڈوز کا ایک اور نمایاں فیچر انٹرنیٹ تک آسانی سے رسائی ہے،ونڈوز کے اندر انٹرنیٹ کو استعمال کرنے کی صلاحیت پہلے سے ہی موجود ہے اور کوئی نئے ہارڈویئر یا ہارڈویئر کی ضرورت نہیں ہوتی۔

۸۔ شاندار گیمنگ پلیٹ فارم

ونڈوز گرافکس اور آڈیو،ویڈیو کی مکمل سپورٹ کی وجہ سے گیمز کے لیے شاندار پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے

۹۔ ہارڈویئر کمپٹیبلٹی

ونڈوز میں مختلف قسم کے ہارڈویئر کو مدد دینے کی صلاحیت موجود ہے۔اس کی پلگ اینڈ پلے صلاحیت کی وجہ سے ہارڈویئر کارڈ انسرٹ کرتے ہی کمپیوٹر اس کو شناخت کر لیتا ہے اور اسے استعمال کرنے کے لیے سیٹ کر دیتا ہے۔

۱۰۔ سرچ یوٹیلیٹی

ونڈوز کی سرچ یوٹیلیٹی کی بدولت کمپیوٹر میں موجود فائلز اور فولڈرز کو مختلف طریقوں سے تلاش کیا جا سکتا ہے۔

۱۱۔ ہیلپ

ونڈوز کسی کام کو کرنے کے لیے آن لائن ہیلپ فراہم کرتا ہے۔ونڈوز کے ہیلپ فیچر کی بدولت یوزر کسی بھی کام کی مکمل راہنمائی حاصل کر کے اس کام کو سرانجام دے سکتا ہے۔

ڈیسک ٹاپ سے کیا مراد ہے؟

کمپیوٹر کو لاگ آن کرنے کے بعد جو پہلی چیز نظر آتی ہے،اسے ڈیسک ٹاپ کہا جاتا ہے۔ڈیسک ٹاپ ایسی جگہ ہے جہاں پر آپ کام کرتے ہیں۔

سٹارٹ بٹن سے کیا مراد ہے؟

سٹارٹ بٹن عام طور پر سکرین پر نیچے بائیں طرف کونے میں موجود ہوتا ہے۔سٹارٹ بٹن ایک راستہ ہے جس کی مدد سے کسی پروگرام کو آسانی سے چلایا جا سکتا ہے،کوئی فائل ڈھونڈی جا سکتی ہے اور کمپیوٹر کو شٹ ڈاؤن یا ری سٹارٹ بھی کیا جا سکتا ہے۔

ٹاسک بار سے کیا مراد ہے؟

ٹاسک بار سکرین کی نچلی سطح پر موجود ہوتا ہے اور یہ سٹارٹ بٹن،کوئیک لانچ ٹول بار اور نوٹیفکیشن ایریا پر مشتمل ہوتا ہے۔یوزر کے زیر استعمال پروگرامز،آئیکن کی صورت میں ٹاسک بار پر دیکھے جا سکتے ہیں اور ان پروگرامز کے درمیان سوئچ بھی کیا جا سکتا ہے۔

ونڈوز ایکسپلورر سے کیا مراد ہے؟

ونڈوز ایکسپلورر ایک ایسا پروگرام ہے جس کی مدد سے ہم اپنے تمام فولڈرز اور ان میں موجود فائلز کو دیکھ سکتے ہیں۔یہ دو حصوں پر مشتمل ہوتا ہے،بائیں طرف والے حصے میں ڈرائیوز اور فولڈرز ہوتے ہیں جن کو منتخب کرنے پر دائیں طرف والا حصہ ان میں موجود فائلز اور سب فولڈرز کو ظاہر کرتا ہے۔

ونڈوز کنٹرولز سے کیا مراد ہے؟

ونڈوز پر استعمال ہونے والے تمام پروگرامز میں عام قسم کے کچھ کنٹرولز ہوتے ہیں،جو اس پروگرام کی ونڈو کو سکرول،ری سائز،موو اور کلوز کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

چند ونڈوز کنٹرولز درج ذیل ہیں۔

۱۔ سکرول بار

سکرین پر نظر نہ آنے والی ونڈوز کے حصوں کی جانب عمودی یا افقی حرکت دینے کے لیے

۲۔ میکسی مائز بٹن

پروگرام کی ونڈو کو پوری سکرین پر لانے کے لیے۔(ٹائٹل بار پر ڈبل کلک سے بھی میکسی مائزیشن کا عمل سرانجام دیا جا سکتا ہے)

۳۔ منی مائز بٹن

ٹاسک بار پر ایک بٹن کی صورت میں ونڈوز کو واپس لانے کے لیے منی مائز بٹن استعمال کیا جاتا ہے۔

۴۔ کلوز بٹن

ونڈوز کو کلوز کرنے کے لیے

- کسی پروگرام کی ریسٹور کی ہوئی ونڈو کے ٹائٹل بار کو ڈریگ کرنے پر اسے سکرین پر ایک جگہ سے دوسری جگہ موو (حرکت) کیا جا سکتا ہے۔

مینیو سے کیا مراد ہے؟

کسی بھی پروگرام کا مینیو آپشنز کی لسٹ پر مشتمل ہوتا ہے،جس میں سے مختلف آپشنز کو منتخب کیا جا سکتا ہے۔

کنٹرول پینل سے کیا مراد ہے،کنٹرول پینل کے مختلف آپشنز (فنکشنز) کی وضاحت کریں؟

کنٹرول پینل کی مدد سے کمپیوٹر کی مختلف سیٹنگز مثلاً تھیمز،ڈسپلے اور پرنٹرز وغیرہ کو اپنی ضرورت کے مطابق ترتیب دیا جا سکتا ہے،مختلف پروگرامز کو انسٹال یا ختم کیا جا سکتا ہے،کوئی نیا ہارڈویئر شامل کیا جا سکتا ہے اور ماؤس اور کی بورڈ کی سیٹنگز وغیرہ کو بھی تبدیل کر سکتے ہیں۔

کنٹرول پینل کے چند اہم فنکشنز درج ذیل ہیں۔

آپشن	کام
ایڈ / ریموو ہارڈویئر	ہارڈویئر ڈیوائس ڈرائیور کو شامل کرنے یا ہٹانے کے لیے
ایڈ / ریموو پروگرامز	مختلف پروگرامز کو انسٹال یا ختم کرنے کے لیے
ڈسپلے	تھیمز،سکرین سیورز اور بیک گراؤنڈ وغیرہ کو تبدیل کرنے کے لیے
انٹرنیٹ آپشنز	انٹرنیٹ کی سیٹنگز میں تبدیلی کے لیے
کی بورڈ	کی بورڈ کی سیٹنگز میں تبدیلی کے لیے
ماؤس	ماؤس کی سیٹنگز میں تبدیلی کے لیے
پرنٹرز	پرنٹرز سے متعلقہ سیٹنگز کے لیے
شیڈیولڈ ٹاسکس	مقررہ وقت پر کوئی پروگرام چلانے کے لیے
فونٹس	موجودہ فونٹس کو دیکھنے اور نئے فونٹس کو شامل کرنے کے لیے
سکینرز اینڈ کیمرہ	سکینرز اور ڈیجیٹل کیمرہ کی سیٹنگز کے لیے

کمپیوٹر وائرس سے کیا مراد ہے،وضاحت کریں؟

کمپیوٹر وائرس

کمپیوٹر وائرس ایسا پروگرام ہے جس سے کمپیوٹر کو شدید قسم کا نقصان پہنچ سکتا ہے۔وائرس کمپیوٹر میں موجود مختلف فائلز کے ساتھ منسلک ہو جاتا ہے۔وائرس کے کوڈ میں موجود ہدایات کمپیوٹر سے کوئی کام کرنے کے لیے کہتی ہیں،اور وہ کام عموماً تباہ کن ہوتا ہے۔جیسا کہ جیسا کہ فائلز کو ڈیلیٹ یا خراب کرنا،ہارڈ ڈسک کو کریش کرنا اور سسٹم کو سست رفتار کرنا وغیرہ۔

کمپیوٹر میں وائرس کس طرح آتا ہے؟

کمپیوٹر وائرس ایک کمپیوٹر سے دوسرے کمپیوٹر کو منتقل ہو سکتا ہے۔ایک وائرس عموماً کسی فائل کے ساتھ جڑا ہوتا ہے،جس کو کاپی کرنے کے دوران وائرس ایک کمپیوٹر سے دوسرے کمپیوٹر کو منتقل ہو جاتا ہے۔کسی بھی کمپیوٹر میں وائرس درج ذیل طریقوں سے آ سکتا ہے۔

۱۔ کسی وائرس سے متاثرہ فائل کو کاپی کرنے سے

۲۔ انٹرنیٹ سے وائرس والی فائل ڈاؤن لوڈ کرنے سے

۳۔ ایسی ای میل اٹیچمنٹ کو کھولنے سے جس میں وائرس موجود ہو،جیسا کہ Klez وغیرہ

۴۔ کوئی وائرس سے متاثرہ سٹوریج آلہ کمپیوٹر سے لگانے پر بھی وائرس آپ کے کمپیوٹر میں آ سکتا ہے

اینٹی وائرس سے کیا مراد ہے، اس کے فائدے بتائیں؟

اینٹی وائرس ایک ایسا سافٹ ویئر ہے، جس کی مدد سے کمپیوٹر پر وائرس کو ڈھونڈا اور ختم کیا جاتا ہے۔

اینٹی وائرس پروگرام بیک گراؤنڈ میں کام کرتا ہے اور یہ تمام فائلوں کو وائرسوں کے لیے چیک کرتا ہے، اور اگر ان میں وائرس پایا جائے تو یہ یوزر کو الرٹ کرتا ہے اور اس وائرس کو ختم کرتا ہے تاکہ یہ آپ کے کمپیوٹر کو خراب نہ کر سکے۔

ہمیشہ ایسا اینٹی وائرس پروگرام استعمال کیا جائے جو آپ کے کمپیوٹر کے آپریٹنگ سسٹم سے مطابقت رکھتا ہو۔ اور اینٹی وائرس پروگرام کو کچھ عرصے بعد لازمی اپ ڈیٹ کرنا چاہیے تاکہ یہ نئے وائرسز کا کھوج لگا کر انھیں ختم کر سکے۔

Avast , Symantec , Panda , AVG جیسی کمپنیوں نے وائرسز کے خاتمے کے لیے اپنے اینٹی وائرس پروگرام تیار کیے ہوئے ہیں، جنھیں یہ وقفے وقفے سے اپ ڈیٹ کرتی رہتی ہیں۔

ایک اینٹی وائرس پروگرام کے چند فائدے درج ذیل ہیں

۱۔ کمپیوٹر کو وائرسز سے محفوظ رکھنا

۲۔ یوزر کو وائرس کے لیے الرٹ کرنا

۳۔ یوزر کے ڈیٹا اور فائلز کو وائرسز سے محفوظ رکھنا

۴۔ ہارڈ ڈسک وغیرہ کو کریش ہونے سے بچانا

(حصہ پریکٹیکل)

پریکٹیکل نمبر۱ : کمپیوٹر / ونڈوز کو شٹ ڈاؤن اور ری سٹارٹ کرنے کے اقدامات تحریر کریں؟

کمپیوٹر / ونڈوز کو شٹ ڈاؤن اور ری سٹارٹ کرنے کے اقدامات درج ذیل ہیں

۱۔ سٹارٹ بٹن پر کلک کریں

۲۔ سٹارٹ مینیو سے شٹ ڈاؤن کے بٹن پر کلک کریں

۳۔ سکرین پر ایک باکس ظاہر ہو گا

۴۔ اگر ونڈوز کو شٹ ڈاؤن کرنا ہو تو شٹ ڈاؤن کا آپشن منتخب کریں، اور اگر ونڈوز کو ری سٹارٹ کرنا ہو تو ری سٹارٹ کا آپشن منتخب کریں

۵۔ سسٹم مطلوبہ کام سرانجام دے گا

پریکٹیکل نمبر۲ : سٹارٹ مینیو کو استعمال کرتے ہوئے پروگرام کو سٹارٹ کرنے کے اقدامات تحریر کریں؟

سٹارٹ مینیو کو استعمال کرتے ہوئے پروگرام کو سٹارٹ کرنے کے اقدامات درج ذیل ہیں۔

۱۔ سٹارٹ بٹن پر کلک کریں

۲۔ سٹارٹ مینیو میں سے آل پروگرامز کے آپشن پر کلک کریں

۳۔ پروگرام مینیو میں سے مطلوبہ پروگرام کو منتخب کریں

۴۔ مطلوبہ پروگرام کو سٹارٹ کرنے کے لیے اس پر کلک کریں، مطلوبہ پروگرام سٹارٹ ہو جائے گا۔

پریکٹیکل نمبر۳ : آپ ڈیسک ٹاپ یا ونڈوز میں کسی بھی جگہ پر نیا فولڈر کس طرح بنائیں گے؟

ڈیسک ٹاپ یا ونڈوز میں کسی بھی جگہ پر نیا فولڈر بنانے کے اقدامات درج ذیل ہیں

۱۔ ڈیسک ٹاپ یا جس جگہ فولڈر بنانا ہو، اسے اوپن کریں

۲۔ خالی جگہ پر ماؤس سے رائٹ کلک کریں

۳۔ مینیو سے New کو آپشن کو منتخب کریں

۴۔ اس کے بعد Folder کے آپشن کو منتخب کریں

۵۔ فولڈر کا نام لکھیں اور Enter دبائیں

۶۔ مطلوبہ جگہ پر ایک نیا فولڈر بن جائے گا

پریکٹیکل نمبر۴ : ایک فائل / فولڈر کو ری نیم (نام تبدیل) کرنے اور ڈیلیٹ (ختم) کرنے کے اقدامات تحریر کریں؟

فائل / فولڈر کو ری نیم کرنے کے اقدامات درج ذیل ہیں

۱۔ جس فائل / فولڈر کا نام تبدیل کرنا ہو اسے منتخب کریں

۲۔ منتخب فائل / فولڈر پر رائٹ کلک کریں

۳۔ مینیو میں سے Rename کے آپشن کو منتخب کریں

۴۔ نیا نام لکھ کر Enter کا بٹن دبائیں

۵۔ مطلوبہ فائل / فولڈر کا نام تبدیل ہو جائے گا

فائل / فولڈر کو ڈیلیٹ کرنے کے اقدامات درج ذیل ہیں

۱۔ جس فائل / فولڈر کو ڈیلیٹ کرنا ہو اسے منتخب کریں

۲۔ منتخب فائل / فولڈر پر رائٹ کلک کریں

۳۔ مینیو میں سے Delete کے آپشن کو منتخب کریں

۴۔ ڈیلیشن کو کنفرم کریں

۵۔ مطلوبہ فائل / فولڈر ڈیلیٹ ہو جائے گا

پریکٹیکل نمبر۵ : اپنے کمپیوٹر کی خصوصیات (Properties) دیکھنے کے اقدامات تحریر کریں؟

کسی بھی کمپیوٹر کی خصوصیات چیک کرنے کے اقدامات درج ذیل ہیں

۱۔ مائی کمپیوٹر کے آئیکن پر رائٹ کلک کریں

۲۔ Properties کے آپشن پر کلک کریں

۳۔ System Properties کا ایک ڈائیلاگ باکس ظاہر ہو گا۔ جس پر کمپیوٹر کی خصوصیات (پروسیسر اور میموری کی معلومات) دیکھی جا سکتی ہیں

پریکٹیکل نمبر۶ : اپنے کمپیوٹر پر کسی فائل یا فولڈر کو تلاش (Search) کرنے کے اقدامات تحریر کریں؟

کمپیوٹر پر کسی فائل یا فولڈر کو تلاش کرنے کے اقدامات درج ذیل ہیں

۱۔ سٹارٹ بٹن پر کلک کریں

۲۔ سٹارٹ مینیو میں سے فائنڈ کے آپشن کو منتخب کریں

۳۔ سکرین پر ایک ونڈو ظاہر ہو گی، اس میں فائلز اور فولڈر کے آپشن کو منتخب کریں

۴۔ ٹیکسٹ باکس کے اندر فائل یا فولڈر کا نام لکھیں

۵۔ سرچ بٹن پر کلک کریں

۶۔ کمپیوٹر آپ کی فائل یا فولڈر کو تلاش کر دے گا

پریکٹیکل نمبر۷ : آپ ونڈوز آپریٹنگ سسٹم سے کس طرح ہیلپ حاصل کریں گے؟

ونڈوز آپریٹنگ سسٹم سے ہیلپ حاصل کرنے کے اقدامات درج ذیل ہیں

۱۔ سٹارٹ بٹن پر کلک کریں

۲۔ سٹارٹ مینیو میں سے ہیلپ اینڈ سپورٹ کے آپشن کو منتخب کریں

۳۔ سکرین پر ایک ونڈو ظاہر ہو گی، اس کے ٹیکسٹ باکس میں متعلقہ سوال ٹائپ کر کے سرچ کے بٹن پر کلک کریں

۴۔ ونڈوز آپ کو اس سوال سے متعلق ہیلپ فراہم کر دے گا

پریکٹیکل نمبر۸ : ونڈوز کو میکسی مائز، منی مائز، ری سٹور اور بند کرنے کے اقدامات تحریر کریں؟

ونڈوز کو میکسی مائز، منی مائز، ری سٹور اور بند کرنے کے اقدامات درج ذیل ہیں

۱۔ کسی پروگرام کو اوپن کریں اور اس کے ونڈو کنٹرولز پر ماؤس لے جائیں

۲۔ میکسی مائز کا بٹن دبائیں یا ٹائٹل بار پر ڈبل کلک کریں اس سے پروگرام کی ونڈو پوری سکرین پر آ جائے گی

۳۔ منی مائزبٹن پر کلک کریں، اس سے پروگرام کی ونڈوز ٹاسک بار پر ایک بٹن کی صورت میں آجائے گی

۴۔ فل سکرین پر موجود پروگرام ونڈو کے ری سٹور بٹن پر کلک کریں، اس طرح پروگرام کی ونڈو اپنی نارمل پوزیشن میں واپس آجائے گی۔

۵۔ کلوز بٹن پر کلک کریں، اس سے پروگرام کی ونڈو بند (کلوز) ہو جائے گی۔

پریکٹیکل نمبر۹ : ونڈوز ایکسپلورر کو سٹارٹ کرنے کے اقدامات تحریر کریں؟

ونڈوز ایکسپلورر کو سٹارٹ کرنے کے اقدامات درج ذیل ہیں

۱۔ سٹارٹ بٹن پر کلک کریں

۲۔ آل پروگرامز کے آپشن کو منتخب کریں

۳۔ Accessories کے آپشن میں سے ونڈوز ایکسپلورر کو منتخب کریں

۴۔ ونڈوز ایکسپلورر سٹارٹ ہو جائے گا

پریکٹیکل نمبر۱۰ : ونڈوز میں وقت اور تاریخ کیسے تبدیل کریں گے؟

ونڈوز میں وقت اور تاریخ تبدیل کرنے کے اقدامات درج ذیل ہیں

۱۔ ٹاسک بار کلاک پر ڈبل کلک کریں

۲۔ ڈیٹ ٹائم پراپر ٹیز کا ایک ڈائیلاگ باکس اوپن ہو گا

۳۔ سال تبدیل کرنے کے لیے سال سے متعلقہ اپ ڈاؤن ایرو کو کلک کریں

۴۔ مہینہ منتخب کرنے کے لیے ڈراپ ڈاؤن لسٹ سے مہینہ منتخب کریں، اور کیلنڈر میں سے مطلوبہ تاریخ پر کلک کر دیں

۵۔ ٹائم تبدیل کرنے کے لیے ٹائم سے متعلقہ اپ ڈاؤن ایرو کو کلک کر کے وقت سیٹ کریں

۶۔ پھر OK کے بٹن پر کلک کریں

۷۔ وقت اور تاریخ کی نئی سیٹنگز محفوظ ہو جائیں گی

پریکٹیکل نمبر۱۱ : ڈیسک ٹاپ آئی کونز کو ترتیب دینے کا طریقہ بیان کریں؟

ڈیسک ٹاپ آئی کونز کو ترتیب دینے کا طریقہ درج ذیل ہے

۱۔ ڈیسک ٹاپ پر رائٹ کلک کریں

۲۔ مینیو میں سے Arrange Icons کے آپشن کو منتخب کریں

۳۔ آئیکنز کو حروف تہجی کے مطابق ترتیب دینے کے لیے By Name کے آپشن کو منتخب کریں

۴۔ آئیکنز کو قسم (ٹائپ) کے مطابق ترتیب دینے کے لیے By Type کے آپشن کو منتخب کریں

۵۔ آئیکنز کو فائل سائز کے مطابق ترتیب دینے کے لیے By Size کے آپشن کو منتخب کریں

۶۔ آئیکنز کو تاریخ کے مطابق ترتیب دینے کے لیے By Date کے آپشن کو منتخب کریں

۷۔ آئیکنز کو خود بخود ترتیب دینے کے لیے Auto Arrange کے آپشن کو منتخب کریں

۸۔ اس طرح تمام ڈیسک ٹاپ آئیکنز منتخب کیے ہوئے آپشن کے مطابق ترتیب پا جائیں گے

پریکٹیکل نمبر۱۲ : ری سائیکل بن کو خالی (Empty) کرنے کے اقدامات تحریر کریں؟

ری سائیکل بن کو خالی کرنے کے اقدامات درج ذیل ہیں

۱۔ ری سائیکل بن پر رائٹ کلک کریں

۲۔ مینیو میں سے Empty Recycle Bin کے آپشن کو منتخب کریں

۳۔ ڈیلیشن کو کنفرم کریں

۴۔ ری سائیکل بن خالی ہو جائے گا

پریکٹیکل نمبر۱۳ : حالیہ استعمال شدہ ڈاکومنٹ کو اوپن کرنے کے اقدامات تحریر کریں؟

حالیہ استعمال شدہ ڈاکومنٹ کو اوپن کرنے کے اقدامات درج ذیل ہیں

۱۔ سٹارٹ بٹن پر کلک کریں

۲۔ My Recent Documents کے آپشن کو منتخب کریں

۳۔ جس ڈاکومنٹ کو اوپن کرنا ہو اسے کلک کریں

۴۔ مطلوبہ ڈاکومنٹ ایک نئی ونڈو میں اوپن ہو جائے گا

پریکٹیکل نمبر۱۴ : ایک فائل یا فولڈر کو فلاپی ڈسک سے دوسری ڈرائیو پر کاپی کرنے کے اقدامات تحریر کریں؟

ایک فائل یا فولڈر کو فلاپی ڈسک سے دوسری ڈرائیو پر کاپی کرنے کے اقدامات درج ذیل ہیں

۱۔ ڈیسک ٹاپ پر مائی کمپیوٹر کے آئیکن پر ڈبل کلک کریں

۲۔ پھر فلاپی ڈرائیو :A کو اوپن کریں

۳۔ فلاپی ڈرائیو سے جس فائل یا فولڈر کو کاپی کرنا ہو، اس پر رائٹ کلک کریں

۴۔ کاپی کے آپشن کو منتخب کریں

۵۔ اس جگہ پر جائیں جہاں پر فائل یا فولڈر کو کاپی کرنا ہو

۶۔ خالی جگہ پر رائٹ کلک کریں اور پیسٹ کا آپشن منتخب کریں

۷۔ مطلوبہ فائل یا فولڈر دوسری ڈرائیو پر کاپی ہو جائے گی

پریکٹیکل نمبر۱۵ : ڈیسک ٹاپ کی بیک گراؤنڈ کو تبدیل کرنے کے اقدامات تحریر کریں؟

ڈیسک ٹاپ کی بیک گراؤنڈ کو تبدیل کرنے کے اقدامات درج ذیل ہیں

۱۔ ڈیسک ٹاپ پر رائٹ کلک کریں

۲۔ properties کے آپشن پر کلک کریں

۳۔ ایک باکس ظاہر ہو گا، اس میں سے ڈیسک ٹاپ کے ٹیب پر کلک کریں

۴۔ بیک گراؤنڈ کو منتخب کریں اور OK کے بٹن پر پریس کر دیں

۵۔ ڈیسک ٹاپ کا بیک گراؤنڈ تبدیل ہو جائے گا